طوبیٰ ڈائری بھی جامعۃ البنات اہل حدیث کھوکھر کی (گوجرانوالہ) کی پیشکش ہے، جو گزشتہ سال کی طرح اس مرتبہ بھی ایک منفرد انداز سے طبع کی گئی ہے ــــ تمام ضروری معلومات کے علاوہ جابجا آیاتِ قرآنی اور احادیثِ نبویہؐ پر مبنی دعوتی اور اصلاحی تحریریں شاملِ اشاعت ہیں ــــ بہنوں کے لیے یہ ایک گراں قدر تحفہ ہے، جب کہ مرد حضرات کے لیے بھی یکساں مفید!

ڈائری پر قیمت درج نہیں! ــــ ٹائیٹل کی پشت پر جامعۃ البنات کے اشتہار میں مخیر حضرات سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنے عطیات جامعہ کے اکاؤنٹ میں جمع کرا کے اس کارِ خیر میں حصہ لیں اور عنداللہ ماجور ہوں ــــ جامعہ کا اکاؤنٹ نمبر درج ذیل ہے:

۷ - ۶۰۰۶۱ حبیب بینک کھوکھر کی برانچ گوجرانوالہ پاکستان

نام کتاب : عرفانیات۔

مصنّف : فضل الرحمان فضلؔ، بی۔اے

ضخامت : ۱۱۲ صفحات ــــ قیمت : -/۳۰ روپے

ناشر : ادارہ دعوت قرآن ۱۱۶/۱ بالمقابل شمالی دروازہ مسجد جٹاں اچھرہ لاہور ۱۶

سفید کاغذ، کتابت و طباعت عمدہ

زیرِ نظر کتاب جناب فضل الرحمان فضلؔ کے حمدیہ، نعتیہ کلام اور قومی و ملّی منظومات پر مشتمل ہے۔ آپ کی متعدد نظمیں قارئین محدث کی خدمت میں بذریعہ "محدث" پیش کی جا چکی ہیں ــــ سلیس و آسان زبان اور چھوٹے چھوٹے مصرعوں کی صورت میں آپ بڑی روانی سے اپنے توحید و سنت کے رنگ میں رنگے ہوئے دلی جذبات کی ترجمانی فرماتے چلے جاتے ہیں ــــ یوں کہیے کہ ان کا کلام عقیدۂ توحید و سنت کی تبلیغ کی ایک بہترین صورت ہے ــــ ساتھ ہی ساتھ اپنے اس عقیدہ کے پیشِ نظر آپ قومی و ملّی مسائل کے حل اور انسانیت کی اصلاح کے لیے بھی بے چین نظر آتے ہیں ــــ حمد میں اگر آپ اللہ رب العزت کی بارگاہ میں عبودیت کا تحفہ بڑے تذلّل اور عاجزی سے پیش کرتے ہیں، تو نعت میں رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی غلو سے پاک انتہائی عقیدت و محبت کے اظہار کے علاوہ شانِ رسالت کی بھرپور ترجمانی فرماتے اور اطاعتِ رسولؐ کی اہمیت پر پُر زور بیان صرف کرتے ہیں ــــ اللہ رب العزت سے دعاء ہے کہ وہ آپ کو عقیدۂ توحید و سنت کی مزید معرفت، اس کی مزید خدمت کی توفیق ارزانی فرمائے اور آپ کے اس مجموعۂ کلام کو شرفِ قبولیت سے نوازے ــــ آمین!